ٹیچرز گائیڈ

تحریر : عامرہ عالم



نوٹ

- یہ ٹیچرز گائیڈ چوتھی جماعت کے لئے ہے اور دس سیشن پر مشتمل ہے۔
- ٹیچر اگر ضروری سمجھیں تو مزید تحقیق شامل کر سکتے ہیں۔ اور بچوں کی دلچسپی کے مطابق اس کی مشقوں میں ترمیم یا اضافہ کیا جا سکتا ہے۔

تیاری

- ایک چارٹ پیپر پر بڑا سا مچھر بنا کر کلاس میں آویزاں کریں۔

سیشن 1

- ٹیچر کہانی شروع کرنے سے پہلے بچوں کو بتائیں کہ یہ ہلکی پھلکی کہانی دراصل اپنے اندر سوچنے کے لئے بہت کچھ رکھتی ہے۔ یہ بھی کہ جس کیڑے کے متعلق یہ کہانی ہے اس نے ہماری تیسری دنیا میں بہت مصیبت مچائی ہوئی ہے۔
- الفاظ کے اتار چڑھاؤ کے ساتھ مکمل کہانی بچوں کو پڑھ کر سنائیں۔ کہانی کیونکہ بہت آسان زبان اور مزاحیہ انداز میں لکھی گئی ہے۔ اس لئے ٹیچر خود بھی سنجیدگی اختیار کئے بغیر لطف اندوز ہو کر کہانی روانی کے ساتھ پڑھیں۔ مچھر کی کہانی کے ذریعے انسان کی جس کمزوری کا ذکر کیا گیا ہے وہ بچے اپنے اردگرد رہنے والوں میں اکثر دیکھتے ہیں۔ بچوں کی توجہ اس کمزوری کی طرف دلائیں۔

گھر کا کام

- ''ایک مچھر کی کہانی'' کو اپنی زبان میں لکھیں۔

سیشن 2

- یہ شیخی خور مچھر اپنے ساتھ رہنے والے دوسرے کیڑے مکوڑوں اور جانوروں کو جس طرح جھوٹی کہانیاں سنا سنا کر مرعوب کرنے کی کوشش کرتا ہے بچوں کے خیال میں وہ اس طرح اپنا کیا نقصان کر رہا ہے۔ (دوسرے اعتبار کرنا چھوڑ دیں گے' پھر یہ بھی کہ اگر وہ کبھی سچ بھی بولے گا تو دوسرے جھوٹ کا ہی گمان کریں گے۔)

- اس مسئلے پر بچوں سے ایک پیراگراف لکھوائیں۔ جھوٹ اور مبالغہ آمیزی میں کیا فرق ہوتا ہے' یہ بھی مثالوں کے ساتھ ان کو سمجھائیں۔

سیشن 3

- آج کہانی کے متعلق رائے لینے کے بعد طلبہ سے الگ الگ ان کے الفاظ میں کہانی سنیں۔ (یہ کہانی وہ ''گھر کے کام'' کے لئے لکھ چکے ہیں۔)

سیشن 4

- بچوں سے ان پانچ جانوروں اور کیڑوں کے نام لکھوائیں جو اس کہانی میں دریا کے کنارے رہتے تھے۔ ساتھ ساتھ ان کی صفات بھی لکھیں۔ مثلا گلہری پیڑ پر آرام سے چڑھ جاتی ہے اور پھل کو کتر کتر کر کھاتی ہے۔ خرگوش سبزی خور ہوتا ہے۔ مینڈک خشکی اور پانی دونوں جگہ آرام سے رہ سکتا ہے۔ مچھلی پانی میں زندہ رہتی ہے۔ مچھر ٹھہرے پانی میں رہ کر انڈے دیتا ہے۔

گھر کا کام

- مچھر' گلہری' خرگوش' مینڈک اور مچھلی . . . ان تمام میں سے کسی ایک کے کردار کے بارے میں ایک صفحہ لکھیں۔

سیشن 5

- مچھر نے اپنی آواز کو بین سے تشبیہ دی ہے۔ بچوں سے اس طرح مختلف جانوروں کے نام اور ان سے منسوب آوازوں کے نام پوچھیں۔ یہ کام وہ اس سے پہلے کی جماعتوں میں کر چکے ہیں اس لئے مشکل نہیں ہونی چاہئے۔ یہ ایک قسم کی دہرائی ہے۔ (مکھی کا بھنبھنانا' مینڈک کا ٹرانا وغیرہ۔)
- اب گھر کا کام مختلف بچوں سے پڑھوائیں تا کہ ہر جانور کی کردار نگاری بچوں کی زبانی واضح ہو

جائے۔ اس پر بات چیت بھی جاری رہے۔

گھر کا کام
- مزید آوازوں کا نام لکھ کر لائیں۔

سیشن 6

- جس طرح مچھر نے اپنے کمرے کی تصویر کشی کی ہے اس طرح بچوں سے کہیں کہ وہ کسی جگہ کی تصویر کشی کر کے لکھیں جہاں انہیں رہنے میں بہت آرام اور مزا آتا ہے۔ اگر چاہیں تو اس جگہ کی ایک رنگین تصویر بھی بنا دیں۔

گھر کا کام
- سبزی خور اور گوشت خور جانوروں کی الگ الگ فہرست بنائیں۔ اسی طرح اڑنے والے کیڑوں میں کون سے بے ضرر ہوتے ہیں اور کون سے نقصان پہنچاتے ہیں، الگ الگ لکھیں۔

سیشن 7

- آج بچوں سے باری باری کہانیاں پڑھوائیں۔ پھر املا بھی کروالیں۔

سیشن 8

- دریا کے کنارے اور جانور تو رہتے ہی تھے مگر مچھر کیوں رہتا تھا؟ جب بچے الگ الگ جواب دے چکیں تو انہیں بتائیں دراصل مچھر اندھیرے اور ٹھہرے پانی میں انڈے دیتا ہے۔ اسی لئے وہ جھاڑیوں میں چھپ کر اندھیرے حصے میں رہتا تھا۔ بچوں سے لکھوائیں کہ مچھروں کی افزائش کو روکنے کے لئے کیا طریقے ہو سکتے ہیں۔

سیشن 9

- کہانی میں کہا گیا ہے کہ مچھر سر شام گھر سے نکلتا ہے اور صبح صبح گھر واپس آ تا ہے۔ وہ ایسا کیوں کرتا ہے؟ وجہ لکھوائیں اور ان جگہوں کے نام بھی جہاں مچھر بکثرت ہوتے ہیں۔ بچوں سے ان سارے طریقوں کے متعلق بات چیت کیجئے جن کی بدولت ہم مچھروں سے اپنا بچاؤں کر سکتے ہیں اور یہ بھی کہ ان طریقوں میں سب سے موثر اور سب سے محفوظ طریقہ کون سا ہے اور کیوں؟ بچوں کو کلاس میں بتایا جائے اس کے بعد لکھوایا جائے کہ :
- مچھر سے کون سی بیماری پھیلتی ہے؟ (ملیریا)
- ملیریا کون سے مچھر سے پھیلتا ہے؟ (مادہ مچھر سے۔ نر مچھر سے ملیریا نہیں ہوتا۔)
- ملیریا کتنے قسم کا ہوتا ہے؟ (چار قسم کا ہوتا ہے۔)

  ۱ واوَیکس Vivax

  ۲ ملیری Malarie

  ۳ اوویل Ovale

  ۴ فیلس پیرم Falciparum
- ان میں یہ چوتھی قسم جان لیوا بھی ہو سکتی ہے۔

سیشن 10

- سبق میں دی گئی نظم کو بچے کورس کی صورت میں گائیں۔ ٹیچر بچوں سے ''صندل'' ''بین'' ''لوٹ لگانا'' کے معنی پوچھیں یا بتائیں اور ان کے جملے بھی بنوائیں۔

ایک مچھر کی کہانی

ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بُک گروپ، کراچی
مطبع : جے۔ ٹی۔ ایس پرنٹرز

ہم Royal Netherlands Embassy کے شکر گزار ہیں
جن کے تعاون سے کتاب اور اس کی ٹیچرز گائیڈ شائع ہوئی۔

bookgroup

187/2C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221

e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk